پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ اَدر جنیٹک ڈس آرڈرز
پریوینشن اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ

شادی سے پہلے تھیلیسیمیا کا ٹیسٹ کیوں ضروری ہے؟

تھیلیسیمیا کیا ہے؟ اور تھیلیسیمیا کے کیریئر کیا ہوتے ہیں؟

تھیلیسیمیا ایک موروثی بیماری ہے جو والدین سے بچوں میں منتقل ہو سکتی ہے اگر والدین میں سے کسی ایک میں بھی خون کے سرخ خلیوں میں موجود ہیموگلوبن بنانے کی ایک ابنارمل جین ہے اور وہ بچے میں منتقل ہو جاتی ہے تو وہ بچہ تھیلیسیمیا کا کیریئر ہوگا۔ تھیلیسیمیا کیریئر میں بیماری کی کوئی علامت نہیں ہوتی اس کی جانچ خون کے ٹیسٹ سے ہی ہو سکتی ہے اگر دونوں والدین بیٹا تھیلیسیمیا کے کیریئر ہیں تو وہ اپنے بچے میں یہ ابنارمل جین منتقل کر سکتے ہیں ہر حمل میں 25 فیصد چانس ہے کہ بچہ تھیلیسیمیا میجر کا پیدا ہو سکتا ہے۔



خاندان میں شادیاں اور تھیلیسیمیا کا پاکستان میں پھیلاؤ

ایک تحقیق کے مطابق پاکستان میں ہر سال **6000** سے زیادہ بچے تھیلیسیمیا میجر کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں جس میں ساری زندگی کے لیے مسلسل انتقال خون کی ضرورت ہوتی ہے پاکستان میں تھیلیسیمیا کے کیریئر کی شرح **5.4%** فیصد ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان میں ایک کروڑ سے زیادہ تھیلیسیمیا جین کی صحتمند (تندرست) کیریئر ہیں۔ تھیلیسیمیا کے کیریئر نارمل زندگی گزارتے ہیں لیکن وہ تھیلیسیمیا کی متاثرہ جین بچوں کو منتقل کر سکتے ہیں اس لیے عام لوگوں میں تھیلیسیمیا کے کیریئر کی نشاندہی بہت ضروری ہے تحقیق کے مطابق اگر ایک تھیلیسیمیا میجر کے بچے کے خاندان کی کیریئر اسکریننگ کی جائے تو **30** سے **35** فیصد افراد کیریئر تشخیص ہوتے ہیں چونکہ پاکستان میں خاندان میں شادیوں کا رواج ہے لہٰذا دو کیریئر افراد کی شادی کا چانس بڑھ جاتا ہے جس کے نتیجے میں تھیلیسیمیا میجر کا بچہ پیدا ہو سکتا ہے اگر تھیلیسیمیا میجر کے بچے کے خاندان کے افراد اپنی کیریئر اسکریننگ کروائیں تو ایک کیریئر کی شادی نان کیریئر سے کرنے کی صورت میں تھیلیسیمیا میجر کا بچہ پیدا نہیں ہوگا اور اس طرح والدین مستقبل کی پریشانی سے محفوظ ہو سکتے ہیں۔

شادی سے پہلے لازمی بیٹا تھیلیسیمیا کیریئر اسکریننگ ٹیسٹ

تھیلیسیمیا کے کیریئر یہ بات نہیں جانتے کہ وہ تھیلیسیمیا کے کیریئر ہیں۔ جب تک وہ اپنے خون کے ٹیسٹ نہ کروائیں یا وہ ایسے بچے کو جنم دیں جو تھیلیسیمیا میجر کا ہو۔ خون کے ٹیسٹ کروانا آسان ہے بجائے کہ اس بچے کو جنم دیا جائے جو تھیلیسیمیا میجر کا شکار ہو۔ سائپرس یونان اور اٹلی میں کافی عرصے سے شادی سے پہلے تھیلیسیمیا

کیریئر اسکریننگ ایک معمول کی پریکٹس ہے اس طرح بحرین، انڈیا، اسلامی جمہوری ایران، ترکی، انڈونیشیا، ملائشیا، مالدیپ، سنگاپور، تھائی لینڈ، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں بھی اس بیماری سے بچاؤ کے منصوبے متعارف کروائے گئے ہیں۔ ان ممالک میں شادی سے پہلے تھیلیسیمیا کیریئر اسکریننگ لازمی ہے۔ پاکستان میں 27 دسمبر 2012 کو پنجاب اسمبلی میں شادی سے پہلے تھیلیسیمیا کیریئر اسکریننگ لازمی قرار دینے کی قرارداد منظور ہو چکی ہے۔ پنجاب تھیلیسیمیا پریوینشن پراجیکٹ کی انتظامیہ نے شادی سے پہلے تھیلیسیمیا کیریئر اسکریننگ کا بل بنا کر پنجاب گورنمنٹ کو دے دیا ہے۔

جس کی رو سے شادی سے پہلے ہر لڑکے کا تھیلیسیمیا کے لیے کیریئر اسکریننگ ٹیسٹ کروانا لازمی ہے۔ اگر لڑکا کیریئر نہیں ہے تو اس کی شادی کسی بھی لڑکی سے ہو ان کے ہاں تھیلیسیمیا میجر کا بچہ پیدا نہیں ہوگا لیکن اگر اسکریننگ ٹیسٹ کروانے پر لڑکا کیریئر تشخیص ہوتا ہے پھر اس کی ہونے والی بیوی کا ٹیسٹ لازمی ہوگا۔

امید ہے کہ پنجاب گورنمنٹ جلد ہی شادی سے پہلے بیٹا تھیلیسیمیا کی کیریئر اسکریننگ کے بل کو پاس کر کے قانون کی صورت میں صوبہ پنجاب میں نافذ کر دے گی۔

پس ایک سادہ خون کا ٹیسٹ آپ کی مستقبل کی نسل کو تھیلیسیمیا میجر سے بچا سکتا ہے

اس لئے آج ہی اپنا ٹیسٹ کروائیں۔



یا آپ کی کوتاہی آپ کے بچے کو ساری زندگی کے حقیقی امتحان میں ڈال سکتی ہے۔

پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ ادر جنیٹک ڈس آرڈرز پریوینشن اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ

ہیڈ آفس: فرسٹ فلور آؤٹ ڈور بلڈنگ گیٹ نمبر 5، سر گنگا رام ہسپتال، فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی، لاہور۔ رابطہ: 5-99202644-042

راولپنڈی آفس: کمرہ نمبر 166 چلڈرن او پی ڈی ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی۔ رابطہ نمبر: 9290379-051

بہاولپور آفس: ڈیپارٹمنٹ آف ہیماٹولوجیکل ڈیزیز، تھیلیسیمیا اینڈ بون میرو ٹرانسپلانٹیشن، نزد سپورٹس کمپلیکس بہاول وکٹوریہ ہسپتال، بہاولپور۔ رابطہ نمبر: 9330004-062

ساہیوال آفس: ڈیپارٹمنٹ آف اناٹومی ساہیوال میڈیکل کالج، میڈیکل کالج روڈ ساہیوال۔ رابطہ نمبر: 9330045-040

سرگودھا آفس: کمرہ نمبر 24 ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال، سرگودھا۔ رابطہ نمبر: 9230072-048

ڈی جی خان آفس: کارڈیالوجی وارڈ، نئی بلڈنگ، ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ڈی جی خان۔ رابطہ نمبر: 9330216-064

فیصل آباد آفس: پہلی منزل تھیلیسیمیا سنٹر بلڈنگ، گورنمنٹ جنرل ہسپتال، غلام محمد آباد، فیصل آباد۔ رابطہ نمبر: 9330212-041

گوجرانوالہ آفس: پہلی منزل ایم ایس آفس بلڈنگ، گیٹ نمبر 1۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال، گوجرانوالہ۔ رابطہ نمبر: 9201100-055

ملتان آفس: اولڈ بلڈ بنک پیتھالوجی ڈیپارٹمنٹ، گیٹ نمبر ۳ نشتر میڈیکل کالج اینڈ ہسپتال، ملتان۔ رابطہ نمبر: 9201288-061